کا دل اس سے گہرا اثر قبول کرتا ہے۔

قانونِ الٰہی یا انسانی	تالیف: جناب عبدالقادر عودہ شہیدؒ

ترجمہ: محمد حنیف ملک ایم اے

شائع کردہ: مکتبہ چراغِ اسلام - ۴۰ - بی اُردو بازار - لاہور۔

صفحات: ۹۶ قیمت: ۵/۲۵ روپے

زیر تبصرہ کتاب دَورِ حاضر میں اسلام کے نامور فرزند جناب عبدالقادر عودہ شہیدؒ کی عربی تالیف الاسلام بین جھل ابنائہ وعجز علمائہ کا اُردو ترجمہ ہے۔ فاضل مصنف نے بڑی دیدہ وری کے ساتھ اسلامی شریعت، اس کے مزاج، اس کی وسعت اور ہمہ گیری کا جائزہ لیا ہے اور دلائل کے ساتھ اسلامی قانون کی دوسرے قوانین پر برتری ثابت کی ہے۔

ترجمہ شگفتہ اور رواں ہے اور کتابت وطباعت عمدہ ہے۔

رحمٰن کے سایے میں	مؤلف: حافظ محمد ادریس صاحب

ناشر: البدر پبلیکیشنز - اُردو بازار لاہور۔

کتابت وطباعت عمدہ - صفحات: ۱۸۴

قیمت: -/۹ روپے۔

"رحمٰن کے سایے میں" قرآنی دعاؤں کا مجموعہ ہے جسے فاضل نوجوان حافظ محمد ادریس صاحب نے مرتب کیا ہے۔ حافظ صاحب نے قرآنی دعاؤں کا انتخاب کرنے اور اُن کو ترتیب دینے میں بڑے حُسنِ ذوق سے کام لیا ہے۔ زیر نظر کتاب قرآنی دعاؤں کا محض مجموعہ نہیں ہے بلکہ اس میں ہر دُعا کا تاریخی پس منظر بھی بڑے دلکش پیرائے میں بیان کیا گیا ہے جس کو پڑھ کر انسان اپنے آپ کو اسی ماحول میں محسوس کرتا ہے جس ماحول میں یہ دعائیں زبان پر بے ساختہ جاری ہوگئیں۔ جب ہم یہ معلوم کرتے ہیں کہ یہ دعائیں اللہ کے برگزیدہ